TPL Life

# اپنی صحت کی حفاظت کریں اور اپنے مستقبل کو محفوظ بنائیں!



## FIRST SEHAT فرسٹ صحت ۔

یہ ایک مکمل ہیلتھ انشورنس پلان ہے اور انشورنس کے ساتھ مندرجہ ذیل سہولیات فراہم کرتا ہے۔

- ہسپتال میں داخل مریض شرائط وضوابط کے مطابق پورے پاکستان میں ہمارے نیٹ ورک پر موجود کسی بھی ہسپتال میں نقد فیس ادا کیۓ بغیر علاج کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں
- ہسپتال میں داخل مریض کے دورانِ علاج میڈیکل اخراجات میں کمرے کے اخراجات، ڈاکٹر/سرجن کی فیس، ادویات اور تشخیصی ٹیسٹ شامل ہیں

آج کل ہر فرد صحت کے حوالے سے فکر مند رہتا ہے۔ مناسب بچت کی عدم موجودگی اور مہنگے علاج کی وجہ سے ہسپتال میں علاج کروانا ہر فرد کے لئے پریشانی کا باعث ہے۔
اس پریشانی کو مدِ نظر رکھتے ہوۓ ٹی پی ایل لائف انشورنس لمیٹڈ نے دی فرسٹ مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ کے پلیٹ فارم سے ایک منفرد ہیلتھ انشورنس پلان متعارف کروایا۔ اس پلان میں نہایت ہی مناسب فیس (پریمیم) میں علاج کی بہت ساری سہولیات موجود ہیں۔
ہم آپ کے ہسپتال میں داخل ہونے پر علاج کروانے کے ساتھ ساتھ آپ کو پرسکون زندگی اور ذہنی اطمینان فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ ٹی پی ایل لائف کے اس پلان میں علاج کی بہتر سہولیات اور لوگوں کی مالی استطاعت کو خصوصی طور پر مدِ نظر رکھا گیا ہے، ٹی پی ایل لائف اپنے صارفین کو بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے سرگرمِ عمل ہے۔

The First MicroFinanceBank Ltd
*Enabling Individuals*

## اہلیت:

### فرسٹ صحت: فرد/شوہر مع بیوی

| | |
|---|---|
| اندراج کے وقت عمر کی حد | : 18 سے 64 سال |
| پریمیئم | : 925 روپے سالانہ (ذاتی/ ذاتی بشمول شوہر/ بیوی) |
| ہر شخص کی سالانہ حد | : 35,000 روپے فی انشورڈ فرد |
| ایمرجنسی علاج کے اخراجات فی ایکسیڈنٹ | : ایکسیڈنٹ کے 48 گھنٹوں کے اندر 7,500 روپے |
| رجسٹرڈ ایمبولینس سروس کا خرچ | : رقم واپسی کی بنیاد پر فی ہاسپٹلائزیشن 600 روپے |
| ہسپتال میں داخلے سے قبل اور بعد کے اخراجات | : زیادہ سے زیادہ 10 دن تک کے اخراجات |

### فرسٹ صحت: فیملی

| | |
|---|---|
| اندراج کے وقت عمر کی حد | : 18 سے 64 سال |
| بچے کے اندراج کی عمر | : بیٹا۔6 ماہ سے 20 سال / بیٹی۔ 6 ماہ سے شادی تک |
| پریمیئم | : 3,200 روپے سالانہ (فی فیملی) |
| فیملی کی سالانہ حد | : فی فیملی 100,000 روپے سالانہ |
| ایمرجنسی علاج کے اخراجات فی ایکسیڈنٹ | : ایکسیڈنٹ کے 48 گھنٹوں کے اندر 15,000 روپے |
| رجسٹرڈ ایمبولنس سروس کا خرچ | : رقم واپسی کی بنیاد پر فی ہاسپٹلائزیشن 600 روپے |
| ہسپتال میں داخلے سے قبل اور بعد کے اخراجات | : زیادہ سے زیادہ 10 دن تک کے اخراجات |

## اہم فوائد:

- اپنی مرضی کے مطابق ہمارے نیٹ ورک میں موجود کسی بھی ہسپتال یا ڈاکٹر سے رجوع کریں
- کوئی کلیم فارم پُر کئے بغیر ہمارے نیٹ ورک پر ہیلتھ کیئر پرووائڈر سے ملاقات کریں
- داخلے کی صورت میں نسخے کے مطابق ادویات کی کوریج
- پالیسی لینے کیلئے کسی ہیلتھ کے چیک اپ کی ضرورت نہیں
- تمام نیٹ ورک ہسپتال اور کلینک میں بغیر رقم ادا کئے داخلے کے ساتھ علاج کی سہولت
- ناگہانی صورتِ حال میں کسی دوسرے ہسپتال کی صورت میں نقد ادائیگی کرنی ہوگی اور ٹی پی ایل لائف خرچ شدہ رقم کا 60% منظوری کے بعد ادا کرے گا

## کلیم کا طریقہ:

حادثاتی حالت میں ہسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں آپ نیٹ ورک کے کسی بھی ہسپتال میں اپنا ٹی پی ایل لائف ہیلتھ کارڈ (ہیلتھ انشورنس پالیسی کارڈ) استعمال کر سکتے ہیں اور کیش لیس سروس (بغیر نقد ادائیگی) حاصل

کر سکتے ہیں۔ غیر حادثاتی بیماری کی وجہ سے ہسپتال میں داخلے کی صورت میں قبل از وقت ٹی پی ایل لائف کو مطلع کرنا ہوگا۔ کسی دوسرے ہسپتال میں (جو ٹی پی ایل لائف کے نیٹ ورک میں نہ ہو) علاج کروانے کی صورت میں کیش ادا کرنا ہوگا۔ اس کے بعد کلیم فارم، ڈسچارج فارم، ڈاکٹر کے دستخط اور دوسرے تمام بل اور رسیدوں کے ہمراہ اپنی بینک برانچ کے ذریعے ٹی پی ایل لائف کو ارسال کرنا ہوگا۔ ٹی پی ایل لائف چھان بین اور منظوری کے بعد علاج کی کل رقم کا 60% فیصد بذریعہ چیک ادا کرے گا۔

## اس پالیسی میں کیا شامل ہے:

ہسپتال میں قیام
ہسپتال میں قیام کے دوران تجویز کردہ ادویات کا استعمال
سرجیکل فیس میں اَنستھیزیا (Anesthesia) شامل ہے
فزیشن، سرجن اور اَنستھیزیا (Anesthesia) کی فیس
تشخیصی تحقیقات
آپریشن تھیٹر کے چارجز
خون اور آکسیجن کی فراہمی
وینٹیلیٹر اور الائیڈ سروس
تجویز کردہ فزیوتھراپی
آرگن ٹرانسپلانٹ (صرف سرجری)
حادثاتی طور پر زخمی ہونے کی صورت میں ایمرجنسی روم میں علاج
نفسیاتی علاج
کیموتھراپی، ریڈیوتھراپی اور ڈائیلیسز (Dialysis)
(پالیسی کی مدت کے دوران کی تشخیص)
ہیپاٹائٹس بی اور سی، ناکارہ گردوں کی دائمی بیماری پر
نئی اور بگڑتی صورتحال کا علاج
لوکل روڈ ایمبولینس
سی ٹی (CT)، ایم آر آئی (MRI) اور تھیلیئم اسکین
(داخل مریض یا بیرونی مریض کا علاج) پالیسی
دورانِ کام زخمی ہونا
انشورڈ فرد میں پہلے سے موجود مرض کا علاج پالیسی
کے اخراجات کے 45 دن کے بعد کیا جائے گا

## پالیسی میں کیا شامل نہیں ہے:

پالیسی میں بنیادی طور پر درج ذیل علاج شامل نہیں ہیں
منشیات اور الکحل کا استعمال
ایڈز
اینٹی ریٹرووائرل منشیات (Anti-Retroviral Drugs)
پیدائشی نقص یا پیدائشی امراض
پرانی گردوں کی ڈائیلیسز
کاسمیٹک علاج/سرجری
دانتوں کا علاج/سرجری
غذائی سپلیمنٹ اور وٹامنز
ہارمون کی تبدیلی کی تھراپی
حمل
بانجھ پن کا علاج
نظری یا آپٹیکل (Optical) یا آنکھوں کا علاج
پیٹ اسکینز (Pet Scans)
پہلے سے موجود مرض کا علاج پالیسی شروع ہونے کے
45 دن کے اندر نہیں کیا جائے گا۔
پہلے سے لی گئی ادویات
خود کو زخمی کرنا یا خودکشی کی کوشش
کھیل کی سرگرمیاں: پیشہ وارانہ یا جزوی پیشہ وارانہ کھیلوں
میں شرکت کے دوران زخمی ہونا اس میں شامل ہے
دہشت گردی (فعال شرکت)
حفاظتی ٹیکے (ویکسینیشن) دفاعی ٹیکے
جنگ (فعال شرکت)
پہلے سے موجود محدود بیماریاں جو اس میں شامل نہیں ہیں:
(a) پیدائشی امراض (b) گردوں کی ناکامی (c) کینسر
(d) دائمی جگر کی بیماریاں (e) اسٹروک
(f) دل کی حرکت بند ہو جانا (g) ہرنیا (h) موتیابند

## کورڈ ممبر کی ممبرشپ درج ذیل کسی بھی صورتحال میں ختم ہو جائے گی:

- کورڈ ممبر کی وفات ہونے پر
- اگر کورڈ ممبر کی عمر 65 سال ہو جائے
- واجب الادا ہونے پر کورڈ ممبر کی جانب سے پریمیئم کی عدم ادائیگی کی صورت میں
- کوئی بھی ایسی تاریخ کہ جس پر کورڈ ممبر کسی بھی دھوکا دہی یا جرم کے سبب پالیسی کے لئے نااہل قرار ہو جائے جو بیان کردہ کوریج پر اثر انداز ہو۔ ایسی صورتحال میں عدالتی فیصلے کو حتمی قرار دیا جائے گا۔

## ڈسکلیمر / دستبرداری

- یہ پلان TPL لائف انشورنس لمیٹڈ نے دی فرسٹ مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ کے کسٹمرز کے لئے خصوصی طور پر ترتیب دیا ہے۔
- صرف TPL لائف انشورنس لمیٹڈ انشورڈ افراد کو سہولت فراہم کرنے کی ذمہ دار ہوگی۔
- دی فرسٹ مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ صرف کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ اور TPL لائف انشورنس لمیٹڈ، پرنسپل کے طور پر اس پالیسی کے تحت انشورڈ شخص کیلیے تمام تر واجبات کا ذمہ دار ہوگا۔
- ریٹس میں تمام ٹیکسز شامل ہیں۔
- پروڈکٹس سے بہتر واقفیت کیلیے برائے مہربانی شرائط و ضوابط کا مطالعہ کریں۔

**TPL Life Insurance Limited**
12th Floor, Centrepoint, Off Shaheed-e-Millat Expressway,
Adjacent KPT Interchange, Karachi.

+92-21-111-000-330
info@tpllife.com
www.tpllife.com